# باب 6 آبادی، معاشرہ اور پاکستان کی ثقافت

**1۔ آبادی سے کیا مراد ہے؟**

کسی ملک، علاقے یا جگہ پر موجود لوگوں کی تعداد کو آبادی کہتے ہیں۔

**2۔ بشری شماریات کا آغاز کس نے کیا؟**

ابنِ خلدون نے اپنی کتاب "مقدمہ ابنِ خلدون" میں آبادی کا تجزیاتی جائزہ لے کر بشری شماریات کا آغاز کیا۔

**3۔ آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ کونسا ہے اور اس میں کتنے فیصد افراد آباد ہیں؟**

پاکستان میں آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ "پنجاب" ہے اور اس میں 53 فیصد افراد آباد ہیں۔

**4۔ مردم شماری کسے کہتے ہیں؟**

آبادی کے کوائف جاننے کے عمل کو مردم شماری کہتے ہیں۔

**5۔ 2019 – 20ء کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں آبادی کی صنفی تقسیم کتنی تھی؟**

2019 – 20ء کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں مرد کل آبادی کا 51 فیصد تھے اور خواتین 49 فیصد تھیں۔

**6۔ معاشرہ کا لغوی مفہوم لکھیں۔**

معاشرہ انگریزی زبان کے لفظ سوسائٹی (Society) کا ترجمہ ہے جو کہ لاطینی زبان کے لفظ سوسش (Socius) سے ماخوذ ہے جس کے معانی "ساتھی" کے ہیں۔

**7۔ معاشرہ کی تعریف کریں۔**

افراد کا وہ مجموعہ جو چند مقاصد کی خاطر زندگی بسر کر رہا ہو معاشرہ کہلاتا ہے۔

**8۔ ثقافت کسے کہتے ہیں؟**

کسی جگہ پر مقیم افراد کے مشترکہ عقائد، رہن سہن، رسم و رواج اور روایات کو ثقافت کہتے ہیں۔

**9۔ پاکستان کے خاندانی نظام میں مرد اور عورت کو کیا حیثیت حاصل ہے؟**

پاکستان کے خاندانی نظام میں مرد خاندان کا سربراہ ہوتا ہے جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہوتا ہے جبکہ عورت گھر اور بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہے اور امور خانہ داری سنبھالتی ہے۔

**10۔ عیدین کب منائی جاتی ہیں؟**

عید الفطر یکم شوال کو یعنی رمضان المبارک کے اختتام پر منائی جاتی ہے جبکہ عید الاضحیٰ 10 ذی الحج کو منائی جاتی ہے۔

**11۔ پاکستان میں مردوں اور عورتوں کا لباس کونسا ہے؟**

پاکستان میں مردوں کا لباس شلوار قمیض ہے۔ واسکٹ، ٹوپی، اجرک اور پگڑی وغیرہ بھی استعمال کی جاتی ہے جبکہ عورتیں شلوار قمیض کے ساتھ دوپٹا، چادر اور عبایا وغیرہ استعمال کرتی ہیں۔

**12۔ پاکستان میں منائے جانے والے پانچ عرسوں کے نام لکھیں۔**

پاکستان میں منائے جانے والے بزرگوں کے عرسوں میں سے پانچ یہ ہیں:

(1) حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ

(2) حضرت بابا بلھے شاہ رحمتہ اللہ علیہ

(3) حضرت فرید الدین گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ

(4) حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمتہ اللہ علیہ

(5) شاہ عبد الطیف بھٹائی رحمتہ اللہ علیہ

**13۔ پولو کا کھیل کہاں مقبول ہے؟**

گلگت بلتستان اور چترال میں پولو کا کھیل بہت مقبول ہے۔

**14۔ پاکستان میں مسلمانوں کے طرزِ تعمیر کی کونسی نشانیاں ہیں؟**

پاکستان میں بادشاہی مسجد، شالامار باغ، شاہی قلعہ، مقبرہ جہانگیر اور ہرن مینار وغیرہ مسلمانوں کے طرزِ تعمیر کی نشانیاں ہیں۔

**15۔ پاکستان کے چند مشہور مصوروں کے نام لکھیں۔**

پاکستان کے مشہور مصوروں میں عبد الرحمٰن چغتائی، اعجاز انور، استاد اللہ بخش، صادقین، جمیل نقش اور اسماعیل گل جی شامل ہیں۔

**16۔ ڈاکٹر علامہ اقبال کی شاعری کیسی ہے؟**

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی شاعری میں اسلام، وطن اور روایات سے محبت کے جذبات پائے جاتے ہیں۔

**17۔ پاکستان کے چند جدید شعرا کے نام لکھیں۔**

پاکستان کے جدید شعرا میں ن۔ م راشد، مجید امجد، ناصر کاظمی، فیض احمد فیض، احمد فراز، ندیم قاسمی، منیر نیازی، اور حبیب جالب شامل ہیں۔

**18۔ آبادی بڑھنے سے کن مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے؟**

آبادی بڑھنے سے خوراک، صحت، تعلیم، بے روزگاری، ٹریفک اور ماحولیاتی آلودگی کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**19۔ پرائمری اور ایلیمنٹری سے کیا مراد ہے؟**

جماعت اول سے پنجم کی تعلیم پرائمری ہے اور چھٹی سے آٹھویں جماعت تک تعلیم ایلیمنٹری تعلیم ہے۔

**20۔ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم کن جماعتوں پر مشتمل ہے؟**

نہم اور دہم کی تعلیم ثانوی اور گیارھویں، بارھویں جماعت کی تعلیم اعلیٰ ثانوی تعلیم ہے۔

**21۔ یونیورسٹی کی تعلیم کی اقسام کون کون سی ہیں؟**

یونیورسٹی کی تعلیم میں بی-ایس اور ایم-ایس ہے۔ اعلیٰ تعلیم میں ہر مضمون میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کی تحقیقی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

**22۔ محکمہ صحت کا سربراہ کون ہوتا ہے؟**

محکمہ صحت کا سربراہ وزیرِ صحت ہوتا ہے۔

**23۔ پاکستان میں کونسی چیزیں سیاحوں کی کشش کا باعث ہیں؟**

پاکستان کے بلند و بالا پہاڑ، سرسبز و شاداب وادیاں، وسیع و عریض میدان، تازہ پانیوں کی جھیلیں، مختلف مذاہب کے مقدس مقامات، آثارِ قدیمہ اور مختلف ثقافتی رنگ سیاحوں کی کشش کا باعث ہیں۔

**24۔ پاکستان میں قدرتی مناظر کے چند سیاحتی مقامات کے نام لکھیں۔**

پاکستان میں قدرتی مناظر کے سیاحتی مقامات میں وادیِ ہنزہ، دیوسائی کے میدان (بلتستان)، نانگا پربت، کے ٹو بیس، کیمپ، وادی کیلاش، وادی سوات، کاغان ناران، نتھیا گلی اور مری وغیرہ شامل ہیں۔

**25۔ پاکستان میں مذہبی سیاحت کے مقامات کونسے ہیں؟**

پاکستان میں مذہبی سیاحت کے مقامات میں ٹیکسلا، ہڑپہ، موئن جوڈرو، کٹاس، ٹلہ جوگیاں، ننکانہ صاحب، کرتارپور، حسن ابدال، لاہور اور ملتان وغیرہ شامل ہیں۔

**26۔ کس میگزین نے پاکستان کو چھٹیاں گزارنے کے لیے بہترین جگہ قرار دیا؟**

2020ء میں امریکی میگزین (Console Nast Traveler) نے پاکستان کو چھٹیاں گزارنے کے لیے سب سے بہترین جگہ قرار دیا۔

**27۔ پاکستان میں بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد کم ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟**

پاکستان میں بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد کم ہونے کی وجوہات میں امن و امان کی صورتحال، سیاحتی مقامات کی کم تشہیر اور سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولیات کی کمی وغیرہ شامل ہے۔

**28۔ سیاحت کے فروغ کے لیے پاکستانی عوام کی چند ذمہ داریاں لکھیں۔**

سیاحت کے فروغ کے لیے پاکستانی عوام کی یہ ذمہ داریاں ہیں:

(1) سیاحتی مقامات پر کوڑا نہ پھینکیں۔

(2) موجودہ سہولیات کو خراب نہ کریں،

(3) سیاحتی اور دیگر قوانین کی پابندی کریں۔

(4) غیر اخلاقی حرکات سے اجتناب کریں۔

(5) خوبصورت تصاویر اور ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا کے ذریعے دوسرے لوگوں تک پھیلائیں۔

**29۔ برصغیر میں اُردو کے ارتقا کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟**

برصغیر میں اُردو کا اِرتقا سلاطین دہلی کے عہد میں ہوا۔ مغلیہ سلطنت میں فارسی، عربی اور ترکی کے اثر سے اس کی ترقی ہوئی۔

**30۔ پاکستان کے معروف ادیب کونسے ہیں؟**

پاکستان کے معروف ادیبوں میں پطرس بخاری، مشتاق یوسفی، غلام عباس، سعادت حسین منٹو، انتظار حسین، مختار مسعود، قدرت اللہ شہاب، ممتاز مفتی، بانو قدسیہ اور اشفاق احمد وغیرہ شامل ہیں۔

**31۔ پنجابی زبان کی بولیاں کون کون سی ہیں؟**

پنجابی زبان کی بولیوں میں ماجھی، پوٹھوہاری، ملتانی، چھاچھی، شاہ پوری اور دھنی وغیرہ شامل ہیں۔

**32۔ پنجابی زبان کے مشہور صوفی شعرا کے نام لکھیں۔**

پنجابی زبان کے شعرا میں حضرت بابا فرید گنج شکرؒ، بابا بلھے شاہؒ، شاہ حسینؒ، سلطان باہوؒ، اور خواجہ غلام فریدؒ شامل ہیں۔

**33۔ پنجابی زبان کے مشہور قصوں کے نام لکھیں۔**

پنجابی زبان کے مشہور قصوں میں ہیر وارث شاہ، سیف الملوک، سسی پنوں، سوہنی مہیوال، مرزا صاحباں وغیرہ مشہور ہیں۔

**34۔ سندھی زبان میں کن زبانوں کے الفاظ شامل ہیں؟**

سندھی زبان میں ترکی، سنسکرت، یونانی، ایرانی اور دراوڑی زبان کے الفاظ شامل ہیں۔

**35۔ سندھی زبان کے مشہور لہجے کون کون سے ہیں؟**

سندھی زبان کے مشہور لہجوں میں لاڑی، تھری، فکری، گنداوی، لاسی اور وچولی وغیرہ مشہور ہیں۔

**36۔ سندھی زبان کے مشہور شعرا کون ہیں؟**

سندھی زبان کے مشہور شعرا میں شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ اور سچل سرمستؒ شامل ہیں۔

**37۔ پشتو زبان کے لہجے کونسے ہیں؟**

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

پشتو زبان کے دو لہجے ہیں: 1۔ مغربی لہجہ 2۔ مشرقی لہجہ

**38۔ پشتو زبان کے مشہور شعرا کون ہیں؟**

پشتو زبان کے مشہور شعرا میں خوشحال خان خٹک اور رحمان بابا شامل ہیں۔

**39۔ پشتو شاعری کی قدیم کتاب کونسی ہے؟**

"پٹہ خزانہ" پشتو شاعری کی قدیم کتاب ہے جو آٹھویں صدی کے نصف میں لکھی گئی۔

**40۔ "حبہ خاتون" کی وجہ شہرت کیا ہے؟**

"حبہ خاتون" نے کشمیری زبان میں عشق و محبت کے قصے بیان کیے، یہی اُن کی وجہ شہرت ہے۔

**41۔ گلگت بلتستان میں کونسی زبانیں بولی جاتی ہیں؟**

شینا، بلتی، وخی اور بروشسکی گلگت بلتستان میں بولی جانے والی زبانیں ہیں۔

**42۔ انگریز دورِ حکومت میں کس زبان میں قران مجید کا ترجمہ ہوا؟**

انگریز دورِ حکومت میں براہوی زبان میں قران مجید کا ترجمہ ہوا۔

**43۔ پاکستان میں غربت کے چند اسباب تحریر کریں۔**

پاکستان میں غربت کے اسباب یہ ہیں:

(1) آبادی میں تیزی سے اضافہ

(2) پیداواری وسائل میں کم اضافہ

(3) ناخواندگی

(4) توانائی کا بحران

(5) اندرونی بیرونی سرمایہ کاری میں کمی

(6) افراطِ زر کی شرح میں اضافہ

**44۔ اقلیت کسے کہتے ہیں؟ پاکستان میں کون کون اقلیتی برادری میں شامل ہیں؟**

کسی بھی معاشرے میں موجود ایسا گروہ جو اپنے مذہبی، سماجی اور معاشرتی نظریات اور طرزِ زندگی کی رو سے نسبتاً کم تعداد میں ہو اقلیت کہلاتا ہے۔ پاکستان میں ہندو، مسیحی، سکھ اور پارسی وغیرہ اقلیتی برادری میں شامل ہیں۔

**45۔ چیف جسٹس اے آر کارنیلیئس نے کیا خدمات سرانجام دیں؟**

چیف جسٹس اے آر کارنیلیئس نے 1973ء کا آئین مرتب کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

**46۔ ڈاکٹر رتھ فاؤ کی خدمات لکھیں۔**

ڈاکٹر رتھ فاؤ نے برص اور جزام کے خاتمے کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔

**47۔ رائے بہادر سر گنگارام نے کونسی مشہور عمارات ڈیزائین کیں؟**

رائے بہادر سر گنگارام نے لاہور میں عجائب گھر، جنرل پوسٹ آفس، ایچی سن کالج اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کا کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ ڈیزائن کیا۔

**48۔ رائے سر گنگارام نے کونسے ادارے اپنے ذاتی خرچ پر قائم کیے؟**

رائے سر گنگارام نے سر گنگارام ہسپتال، ڈی اے وی کالج (موجودہ اسلامیہ کالج سول لائنز)، سر گنگارام گرلز سکول (موجودہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)، ادارہ بحالی معذوراں اور دیگر بے شمار فلاحی ادارے اپنے ذاتی خرچ پر قائم کیے۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ